© rasailojaraid.com

حکمتِ سیّد مودودیؒ

انتخابی عمل اور اسلامی انقلاب

(ادارہ)

تبدیلیٔ قیادت کے لیے آپ واقعی کچھ کرنا چاہتے ہیں تو اس کی صورت صرف یہ ہے کہ اس گندے کھیل میں پاکیزگی کے ساتھ آیئے۔ تمام بُرے ہتھکنڈوں کا مقابلہ صحیح طریقوں سے کیجیے، جعلی ووٹ کے مقابلے میں اصلی ووٹ لایئے، روپے سے ووٹ خریدنے والوں کے مقابلے میں اُصول اور مقصد کی خاطر ووٹ دینے والے لا کر دکھایئے، دھوکے اور جھوٹ اور فریب سے کام لینے والوں کے مقابلے میں سچائی اور راست بازی کا مظاہرہ کیجیے۔ دھونس اور زبردستی سے ووٹ لینے والوں کے مقابلے میں ایسے ووٹر پیش کیجیے جو بے خوف ہو کر اپنے ضمیر کے مطابق ووٹ دیں، دھاندلیوں کے مقابلے میں ٹھیٹھ ایمانداری برت کر دکھایئے۔ ایک دفعہ نہیں، دس دفعہ ناکامی ہو تو ہو۔ آپ کوئی تبدیلی یہاں لا سکتے ہیں تو اسی طریقے سے لا سکتے ہیں۔

اسی طرح آخر کار وہ وقت آسکتا ہے کہ سارے ہتھکنڈوں کے باوجود غلط کار لوگ شکست کھا جائیں گے۔

(تحریک اسلامی کا آئندہ لائحہ عمل ص ۲۲۶، ۲۲۷)

پچھلی مرتبہ حکمتِ سیّد مودودی کی عبارت کا حوالہ دیتے ہوئے "معیار" کے سال کا اندراج رہ گیا تھا۔ ۱۹۷۷ء درج کر لیں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com